پاپرز نہ پئیں

پاپرز میں خطرناک مائع کیمیکل ہوتے ہیں جنہیں الکائل نائٹریٹ کہا جاتا ہے۔

پاپرز کس طرح استعمال ہوتے ہیں؟

پاپرز کو پٹھوں کو آرام دلانے والے یا جنسی قوت میں اضافہ کرنے والے کے طور پر تفریحی انداز میں سونگھا (سانس لیا) جاتا ہے اور کبھی بھی اسے نگلنا نہیں چاہئے۔

خطرات کیا ہیں؟

پاپرز کو چھوٹی بوتلوں میں ڈیوڈورائزرز، سالوینٹ کلینر یا نیل پالش ہٹانے والے کے طور پر فروخت کیا جاتا ہے جو انرجی ڈرنکس کی طرح نظر آتے ہیں۔ پاپرز انرجی ڈرنکس نہیں ہیں اور آپ کو انہیں کبھی بھی پینا نہیں چاہئے۔

پاپرز میتھیموگلوبینیمیا کہے جانے والے خون میں زہر آلودگی کی ایک قسم کا سبب بن سکتے ہیں۔ علامات میں سر درد، جلد کا نیلا پڑ جانا (سائنوسس)، سانس لینے میں دشواری، اور فقدان شعور یا بے ہوشی محسوس ہونا یا چکر آنا شامل ہوسکتے ہیں۔

اگر آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا پاپرز کے استعمال سے بیمار محسوس کرتا/کرتی ہے، یا اگر آپ کے سوالات ہیں، تو فوری طور پر نیو یارک سٹی پوائزن سینٹر کو 212-764-7667 پر کال کریں۔

مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **poison control** (پوائزن کنٹرول) تلاش کریں یا QR کوڈ اسکین کریں۔

NYC Health
NYC Office of Nightlife
Mayor's Office of Media and Entertainment